تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 18, 2025

پریس ریلیز

یوایس آئی ای ایف نے تعلیمی اشتراکات کی مضبوطی کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اعزاز ملا کہ اس نے پرووسٹ، بین الاقوامی اہل کاروں، تعلیمی افسران اور امریکہ کی ممتاز یونیورسٹیوں کے اہم عہدیداران پر مشتمل امریکہ کے انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (یوایس آئی ای ایف) کے اعلی سطح کے وفد کی میزبانی کی۔ واضح ہو کہ یہ دورہ تعلیمی اشتراکات کے فروغ، تعلیم اور انتظامیہ کے بہترین طور طریقوں کے تبادلے اور دونوں ملکوں کے درمیان ادارہ جاتی ساجھیداری کے مواقع تلاش کرنے کے مقصد سے ہوا تھا۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جنھوں نے ہمیشہ عالمی طور پر دوسرے اداروں سے مثبت اور بامعنی انداز میں جڑنے اور فضیلت کے سلسلے میں جامعہ کے عہد پر زور دیا ہے ممتاز وفد کے اراکین کا والہانہ استقبال کیا۔ دورے پر آئے وفد اور فیکلٹیز ڈینز، سینٹرز کے ڈائریکٹرز اور فل برائٹ فیلوز سمیت جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینیئر عہدیداران کے درمیان اس ملاقات نے پرلطف بات چیت اور مباحثے کے لیے منفرد پلیٹ فارم مہیا کیا۔ فریقین نے اختراعی تعلیمی طریقیات، انتظامی فریم ورک اور طلبہ وفیکلٹی اراکین کے تبادلے کو بہتر کرنے کی تدابیر کے سلسلے میں بیش قیمت معلومات ساجھا کیں۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دورے پر آئے امریکی اداروں کے درمیان مستقبل میں ممکنہ اشتراکات اور ثروت مند تبادلات کے تئیں شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جانب سے گہرے سپاس کے اظہار پر یہ ملاقات اختتام پذیر ہوئی۔

مذکرات کے بعد وفد نے سینٹرل انسٹرومینٹیشن فیسیلٹی (سی آئی ایف) اور اے جے کے ماس کمیونی

کیشن ریسرچ سینٹر کا دورہ کیا جہاں انھیں فیکلٹی اراکین اور طلبہ کے ساتھ بات چیت کا موقع ملا اور انھیں تعلیمی آموزش، نئی ٹکنالوجی اور سائنسی تحقیق کے لیے یونیورسٹی میں وقف سہولیات کا راست تجربہ حاصل ہوا۔

اس دورے سے ہندوستان اور امریکہ کے اداروں کے درمیان تعلیمی اور تحقیقی رابطوں کو مضبوط و مستحکم کرنے کے سلسلے میں ایک جست ہوئی ہے جو تعلیم میں فضیلت کے فروغ کے ساجھا وژن کو فروغ دینے اور بین تہذیبی و ثقافتی تفہیم کے فروغ کی راہ میں بڑھتے قدم کو نشان زد کرتا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی